ماڈل پیپرز

# حل شدہ پیپرز

# اصول معاشیات

**I.Com - I**

**Chapter Wise** **Topic Wise**

- Chapter wise MCQs with solutions from Past Papers (2014 - 2019) of all Boards of Punjab & AJK.
- Chapter wise Short questions with solutions from Past Papers (2014 - 2019) of all Boards of Punjab & AJK.
- Chapter wise Long Questions from Past Papers (2014 - 2019) of all Boards of Punjab & AJK.

- لاہور
- گوجرانوالہ
- راولپنڈی
- فیصل آباد
- سرگودھا
- ملتان
- بہاولپور
- ساہیوال
- ڈیرہ غازی خان
- آزاد جموں کشمیر


قاضی شہزاد احتشام
M.Com., D.C.M.A. (Pb.)

محمد عمران سرور
M.Com. (Pb.), M.Cs. (Comsat), MCSE. (Malaysia), FPA



عظیم اکیڈمی
پبلشرز اینڈ بکسیلرز
22- اردو بازار، لاہور
Ph: 042-37231448 , 042-37232129
Website: www.azeemgroups.com
Email:info@azeemgroups.com


AZEEM EBOOKS

# فہرست


| باب نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | معاشیات کی تعریف (بنیادی تصورات) | 5 |
| 2 | صارف کا نظریہ کا طلب (قانون تقلیل افادہ مختتم) | 8 |
| 3 | طلب ورسد | 11 |
| 4 | عاملین پیدائش | 18 |
| 5 | قوانینِ حاصل | 20 |
| 6 | فرم کی لاگت پیدائش اور وصولی | 22 |
| 7 | قیمت اور پیداوار کا تعین | 26 |
| 8 | قومی آمدنی | 30 |
| 9 | زر اور قدرِ زر | 33 |
| 10 | تجارتی چکر | 35 |
| 11 | بین الاقوامی تجارت | 37 |
| 12 | سرکاری مالیات اور زکوٰۃ | 39 |
| ☆ | بورڈ پیپرز | 43 |


AZEEM E-BOOKS

# باب نمبر ............................ 1

## معاشیات کی تعریف (بنیادی تصورات)

## سیکشن I

### کثیرالانتخابی سوالات (MCQs)

(1) کلاسیکی مکتب فکر کے بانی تھے: (LHR-14-I, 16-II) (MTN-14) (GRW-14, 15) (AJK-18) (SGD-14, 16, 19)
(a) آدم سمتھ (b) مارشل (c) رابنز (d) کینز

(2) "دولت اقوام" کتاب لکھی گئی: (LHR-14-II) (AJK-17)
(a) 1756 A.D (b) 1776 A.D
(c) 1876 A.D (d) 1698 A.D

(3) کتاب "دولتِ اقوامِ عالم" کس نے لکھی؟ (LHR-16-I, 17-II) (SGD-15) (AJK-18) (SWL-19)
(a) کینز (b) پیگو (c) آدم سمتھ (d) مارشل

(4) معاشیات ایک علم ہے: (LHR-17-I) (AJK-15)
(a) سیاسی (b) روحانی (c) معاشرتی (d) سائنسی

(5) ایڈم سمتھ کے مطابق معاشیات علم ہے: (LHR-18-II) (MTN-16) (AJK-16) (SGD-18) (FSD-19)
(a) وقت کا (b) عمل کا (c) دولت کا (d) قدر کا

(6) معاشیات کا بانی تھا: (SGD-17)
(a) رابنز (b) مارشل (c) آدم سمتھ (d) کینز

(7) معاشیات کو دولت کا علم قرار دیا: (FSD-18)
(a) آدم سمتھ (b) رابنز (c) مارشل (d) کینز

(8) آدم سمتھ کی معاشیات کی تعریف میں ------ کا تصور نہیں ہے: (AJK-17)
(a) پیدائشِ دولت (b) تبادلۂ دولت
(c) فلاح و بہبود (d) تقسیم دولت

(9) کس مکتبہ فکر کے مطابق معاشیات مادی فلاح کا علم ہے: (LHR-15-I)
(a) کلاسیکل (b) نیوکلاسیکل (c) جدید (d) کینزین

(10) کس ماہر نے معاشیات کو مادی فلاح کا علم قرار دیا: (LHR-18-I, 19) (BWP-14)
(a) آدم سمتھ (b) مارشل (c) رابنز (d) کینز

(11) 1890ء میں "اصول معاشیات" نامی کتاب لکھی: (MTN-15) (GRW-15) (FSD-15) (AJK-16) (RWP-15, 17) (SWL-18)
(a) ایڈم سمتھ (b) مارشل (c) رابنز (d) پیگو

(12) نیوکلاسیکل مکتب فکر کا بانی تھا: (AJK-14) (DGK-15) (SWL-17) (GRW-16, 19)
(a) آدم سمتھ (b) کینز (c) مارشل (d) پیگو

(13) ڈاکٹر مارشل نے کتاب لکھی: (BWP-16) (SWL-17)
(a) دولت اقوام (b) اصول معاشیات
(c) جزوی معاشیات (d) کلی معاشیات

(14) اصول معاشیات نامی کتاب سب سے پہلے لکھی گئی: (FSD-14) (MTN-15) (DGK-16)
(a) 1930ء (b) 1890ء (c) 1856ء (d) 1776ء

(15) جدید مکتبہ فکر کا بانی ------ کو کہا جاتا ہے: (MTN-14) (SWL-15)
(a) رابنز (b) کینن (c) کینز (d) مالتھس

(16) پروفیسر رابنز کی کتاب "معاشیات کی نوعیت و اہمیت" شائع ہوئی: (RWP-16)
(a) 1915ء میں (b) 1932ء میں
(c) 1934ء میں (d) 1937ء میں

(17) معاشیات میں انسانی زندگی کے ------ پہلو کا مطالعہ کیا جاتا ہے: (GRW-17)
(a) سیاسی (b) اخلاقی (c) معاشی (d) افقی

(18) قیمت ادا کیے بغیر حاصل ہونے والی اشیاء کہلاتی ہیں: (LHR-16-II)
(a) اعلیٰ اشیاء (b) کمتر اشیاء
(c) معاشی اشیاء (d) غیر معاشی اشیاء

(19) معاشی نظام کی چھوٹی چھوٹی اکائیوں کا مطالعہ کہلاتا ہے: (BWP-15)
(a) جزوی معاشیات (b) کلی معاشیات
(c) اطلاقی معاشیات (d) ریاضیاتی معاشیات

(20) کلی معاشیات کا تصور پیش کیا: (FSD-16)
(a) آدم سمتھ (b) مارشل (c) کینز (d) پیگو

(21) جزوی معاشیات مطالعہ کرتی ہے: (AJK-14) (LHR-15-II) (DGK-19)
(a) قومی آمدنی (b) بے روزگاری
(c) تجارتی چکر (d) رویہ صارف

(22) کلی معاشیات میں اس کا مطالعہ نہیں کیا جاتا: (LHR-16-II)
(a) قومی آمدنی (b) روزگار
(c) تجارتی چکر (d) نظریہ قیمت

(23) کلی معاشیات میں مطالعہ کیا جاتا ہے: (BWP-17)
(a) نظریہ قیمت کا (b) رویہ صارف کا
(c) قومی آمدنی کا (d) فرم کا

AZEEM E-BOOKS

## جوابات:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| c | (5) | c | (4) | c | (3) | b | (2) | a | (1) |
| b | (10) | b | (9) | c | (8) | a | (7) | c | (6) |
| a | (15) | b | (14) | b | (13) | c | (12) | b | (11) |
| c | (20) | a | (19) | d | (18) | c | (17) | b | (16) |
| | | | | c | (23) | d | (22) | d | (21) |

# سیکشن II

## مختصر سوالات (SHORT QUESTIONS)

**(1) ایڈم سمتھ کے مطابق معاشیات کی تعریف کیجیے۔** (LHR-15-I, 16-II) (GRW-15) (FSD-16) (AJK-14, 18) (SGD-17,18) (BWP-18)

ج: معاشیات دولت کا علم ہے جس میں پیدائش، تقسیم دولت، صرف دولت اور تبادلہ دولت کا مطالعہ کیا ہے۔

**(2) آدم سمتھ نے اپنی کتاب "دولت اقوام" کو کن چار حصوں میں تقسیم کیا۔** (LHR-14,16-I) (FSD-18)

ج: آدم سمتھ نے اپنی کتاب دولت اقوام کو درج ذیل چار حصوں میں تقسیم کیا:

(1) پیدائش دولت (2) صرف دولت

(3) تقسیم دولت (4) تبادلہ دولت

**(3) دولت کی تعریف کیجیے۔** (LHR-17-I, 19) (MTN-15) (SWL-15) (FSD-18) (GRW-18) (SGD-19) (RWP-19) (DGK-19)

ج: کسی شخص کی ملکیت کے تمام اثاثہ جات اور قیمتی اشیاء دولت کہلاتی ہے۔

**(4) ایڈم سمتھ کی تعریف کے چار اہم پہلو لکھیے۔** (LHR-17-II) (RWP-15)

ج: آدم سمتھ نے اپنی کتاب دولت اقوام کو درج ذیل چار حصوں میں تقسیم کیا:

(i) پیدائش دولت (ii) صرف دولت

(iii) تقسیم دولت (iv) تبادلہ دولت

**(5) پیدائش دولت سے کیا مراد ہے؟** (SGD-17) (GRW-18, 19)

ج: پیدائش دولت سے مراد یہ ہے کہ دولت کس طرح پیدا کی جاتی ہے۔ دولت کو پیدا کرنے والے چار عوامل "زمین، محنت، سرمایہ اور تنظیم" ہیں۔ یہ چاروں مل کر اشیاء و خدمات پیدا کرتے ہیں، جنہیں دولت کا نام دیا جاتا ہے۔

**(6) مارشل کی معاشیات کی تعریف لکھیے۔** (LHR-18-I) (SGD-15) (AJK-16) (MTN-16, 17) (SWL-17) (DGK-19)

ج: "معاشیات میں انسان کے ان افعال کا مطالعہ کیا جاتا ہے، جن کا تعلق زندگی کے روزمرہ معاملات سے ہے۔ یہ علم انسان کی انفرادی اور اجتماعی کوششوں کے اس حصہ کا جائزہ لیتا ہے جس کا اس چیز سے گہرا تعلق ہے کہ خوشحال زندگی کے مادی لوازمات کس طرح حاصل کئے جاتے ہیں اور انہیں کس طرح استعمال کیا جاتا ہے۔ پس معاشیات ایک طرف دولت کا علم ہے اور دوسری طرف (جو پہلی سے زیادہ اہم ہے) خود انسانی زندگی کے ایک پہلو کا"۔

**(7) صرف دولت سے کیا مراد ہے؟** (FSD-17)

ج: صرفِ دولت سے مراد ہے کہ دولت کو کس طرح سے خرچ کیا جاتا ہے۔ دولت کا وہ حصہ جو ہم ضروریاتِ زندگی پر خرچ کرتے ہیں وہ صرفِ دولت کہلاتا ہے۔

**(8) تبادلہ دولت سے کیا مراد ہے؟** (AJK-15) (BWP-14, 16) (SWL-16)

ج: دولت کا تبادلہ کس طرح سے ہوتا ہے، یعنی دولت ایک آدمی کے ہاتھ سے دوسرے آدمی کے ہاتھ یا بین الاقوامی تجارت کے ذریعہ ایک ملک سے دوسرے ملک میں کس طرح سے جاتی ہے۔ اس کے متعلق جاننا تبادلۂ دولت کہلاتا ہے۔

**(9) نیوکلاسیکی مکتبہ فکر سے کیا مراد ہے؟** (SGD-16)

ج: پروفیسر مارشل اور اُس کے پیروکار معیشت دانوں کو نیوکلاسیکی مکتبہ فکر کہتے ہیں۔

**(10) مارشل کی تعریف کی چار خوبیاں لکھیں۔** (AJK-17, 18) (FSD-19)

ج: (i) سابقہ تعریفوں سے بہتر (ii) واضح اور جامع

(iii) معاشرتی علم (iv) انفرادی اور اجتماعی کوششوں کا مطالعہ

**(11) مارشل کی تعریف کی چار خامیاں لکھیں۔** (AJK-18)

ج: (i) تمام معاشرتی مسائل بیان نہیں کرتی

(ii) مادی خوشحالی کا ناقابل پیائش تصور

(iii) صرف دولت کا محدود تصور

(iv) پسند و ناپسند کا سوال

**(12) چار نیوکلاسیکل ماہرین معاشیات کے نام تحریر کریں۔** (BWP-17)

ج: کینن، پیگو، پیریٹو، کلارک

**(13) رابنز کی معاشیات کی تعریف بیان کیجیے۔** (SWL-16) (AJK-16) (GRW-14, 17) (RWP-17, 18) (SWL-18)

ج: "معاشیات ایک ایسا علم ہے، جس میں انسان کے اس طرزِ عمل کا مطالعہ کیا جاتا ہے جو وہ لامحدود خواہشات کو محدود ذرائع سے پورا کرتے وقت اختیار کرتا ہے، جبکہ یہ ذرائع مختلف استعمال رکھتے ہیں"۔

**(14) رابنز نے اپنی معاشیات کی تعریف کی بنیاد کن چار حقیقتوں پر رکھی ہے۔** (LHR-14-I)

ج: (i) انسانی خواہشات لامحدود ہوتی ہیں۔

(ii) ان خواہشات میں سے کچھ زیادہ اہم اور کچھ کم اہم ہوتی ہیں۔

AZEEM BOOKS

(iii) ذرائع محدود ہوتے ہیں۔
(iv) ذرائع متبادل استعمال رکھتے ہیں۔

**(15) معاشی مسئلہ سے کیا مراد ہے؟** (LHR-15-II, 14, 18 - I, 19) (MTN-15, 19) (SWL-16, 19) (BWP-16) (GRW-17) (SGD-17, 19)

ج: (1) انسانی خواہشات لامحدود ہوتی ہیں۔
(2) ان خواہشات میں سے کچھ زیادہ اہم اور کچھ کم اہم ہوتی ہیں۔
(3) ذرائع محدود ہوتے ہیں۔
(4) ذرائع متبادل استعمال رکھتے ہیں۔

پروفیسر رابنز کے مطابق اگر یہ چاروں خصوصیات (حقیقتیں) بیک وقت اکٹھی ہو جائیں تو معاشی مسئلہ پیدا ہو جاتا ہے ان میں سے اگر کوئی ایک خصوصیت موجود نہ ہو تو معاشی مسئلہ ہرگز پیدا نہیں ہوگا مثلاً

(i) اگر انسانی خواہشات لامحدود نہ ہوں بلکہ محدود ہوں تو انہیں محدود ذرائع سے آسانی سے پورا کر لیا جائے گا اور ایسی صورت میں کوئی معاشی مسئلہ درپیش نہیں ہوگا۔

(ii) اسی طرح اگر خواہشات کی اہمیت میں فرق نہ ہو بلکہ تمام خواہشات اہمیت کے اعتبار سے یکساں ہوں تو ہر خواہش کو پورا کرنا ضروری ہوگا۔ اس صورت میں انسان کو کوئی سوچ و بچار نہیں کرنا پڑے گی یعنی کوئی معاشی مسئلہ درپیش نہیں ہوگا۔

(iii) اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ انسان کے پاس ذرائع لامحدود ہیں تو پھر بھی کوئی معاشی مسئلہ پیدا نہیں ہوگا کیونکہ لامحدود خواہشات کو لامحدود ذرائع سے آسانی سے پورا کر لیا جائے گا۔

(iv) اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ ذرائع متبادل استعمال نہیں رکھتے بلکہ ہر ذریعہ کا صرف ایک ہی استعمال ہے تو جو ذریعہ میسر ہوگا اس کے استعمال سے متعلقہ مقصد حاصل کر لیا جائے گا اور کسی قسم کا معاشی مسئلہ پیدا نہیں ہوگا۔

**(16) محدود ذرائع سے کیا مراد ہے؟** (AJK-14) (BWP-15) (SGD-15) (MTN-16)

ج: کمیاب (محدود) ذرائع سے مراد یہ ہے کہ انسان کے ذرائع یعنی اس کی آمدنی اور دولت خواہشات کے مقابلہ میں کم ہوتی ہے۔ اسی طرح ایک ملک کے مجموعی وسائل پیداوار اس ملک کے لوگوں کی ضرورتوں کے مقابلہ میں کم ہیں۔ لہٰذا ہر انسان کو انفرادی طور پر اور پورے ملک کو اجتماعی طور پر خواہشات کو پورا کرنے کے لئے ذرائع کو سوچ سمجھ کر استعمال کرنا پڑتا ہے۔

**(17) کیا معاشیات علم ہے یا فن؟** (SWL-17) (MTN-18)

ج: معاشیات علم بھی ہے اور فن بھی۔

**(18) علم کی تعریف کیجیے۔** (LHR-14-II) (SGD-17) (RWP-19)

ج: علم کائنات کے کسی خاص شعبہ سے متعلق حقائق کا مجموعہ ہوتا ہے جسے تحقیق و تجربہ کی روشنی میں انتہائی غیر جانبدارانہ مطالعہ کے بعد مرتب کیا گیا ہو۔ نیز ان حقائق کے اسباب اور نتائج کے درمیان مستقل رشتہ بھی قائم کیا گیا ہو مثلاً علم طبعیات کی شکل میں کائنات کے چند شعبوں مثلاً مادے، روشنی، حرارت اور جوہر وغیرہ کے بارے میں معلومات کا ایک مفید اور باضابطہ مجموعہ فراہم ہو گیا ہے۔

**(19) فن کی تعریف کیجیے۔** (AJK-17)

ج: فن سے مراد وہ جدوجہد ہے جو مخصوص مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے عمل میں آئے۔ علم کی مدد سے کچھ رہنما اصول اخذ کئے جاتے ہیں اور کسی خاص مقصد کو حاصل کرنے کے لئے جب ان پر عمل پیرا ہوتے ہیں تو وہی علم فن کی حیثیت اختیار کر لیتا ہے۔

**(20) علم الحقیقت سے کیا مراد ہے؟** (LHR-15-II) (MTN-14,16) (RWP-17)

ج: ایسا علم جس میں کائنات میں وقوع پذیر ہونے والے عوامل کو جوں کا توں بیان کر دیا جاتا ہے، علم الحقیقت کہلاتا ہے۔

**(21) علم الہدایت سے کیا مراد ہے؟** (AJK-14) (FSD-15) (DGK-15) (MTN-17) (SGD-18) (RWP-18) (BWP-18)

ج: اس سے مراد وہ علم ہے جس میں حالات و واقعات کو ایک خاص زاویہ نگاہ سے پرکھا جائے اور یہ فیصلہ کیا جائے کہ انہیں یوں ہونا چاہئے مثلاً غربت کی بجائے خوشحالی ہونی چاہئے، ملک کے ہر فرد کو روٹی، کپڑا اور مکان ملنا چاہئے، آمریت کی بجائے جمہوریت ہونی چاہئے۔ اس قسم کے علوم کی مثالیں معاشیات، سیاسیات، اخلاقیات وغیرہ ہیں۔

**(22) علم الحقیقت اور علم الہدایت میں فرق بیان کیجیے۔** (LHR-18-II) (SWL-19)

ج: **علم الحقیقت:**
اس سے مراد وہ علم ہے جس میں کائنات کے کسی خاص شعبہ میں وقوع پذیر ہونے والے حالات و واقعات کا مشاہدہ اور تجزیہ کر کے انہیں جوں کا توں بیان کر دیا جائے مثلاً فزکس اور کیمسٹری وغیرہ۔

**علم الہدایت:**
اس سے مراد وہ علم ہے جس میں حالات و واقعات کو ایک خاص زاویہ نگاہ سے پرکھا جائے اور یہ فیصلہ کیا جائے کہ انہیں یوں ہونا چاہئے مثلاً غربت کی بجائے خوشحالی ہونی چاہئے، ملک کے ہر فرد کو روٹی، کپڑا اور مکان ملنا چاہئے، آمریت کی بجائے جمہوریت ہونی چاہئے۔ اس قسم کے علوم کی مثالیں معاشیات، سیاسیات، اخلاقیات وغیرہ۔

AZEEM E-BOOKS

(23) بیانی معاشیات سے کیا مراد ہے؟ (MTN-18)

ج: بیانی معاشیات میں معیشت کے مختلف شعبوں مثلاً زراعت، صنعت و حرفت، مواصلات وغیرہ کے بارے میں معاشی حقائق اعداد وشمار کی صورت میں بیان کئے جاتے ہیں مثلاً پاکستان میں صنعت و زراعت کے بارے میں جو بھی حقائق و مشاہدات ہوں ان کو بیان کرنے کا نام بیانی معاشیات ہے۔

(24) اثباتی معاشیات کی تعریف کیجیے۔ (MTN-15) (BWP-15)

ج: اثباتی معاشیات میں معیشت کی کارکردگی کا جائزہ غیر جانبدار ہو کر لیا جاتا ہے یعنی معیشت کے مسائل کا تجزیہ اسباب و نتائج کو مدنظر رکھ کر حقیقی بنیادوں پر کیا جاتا ہے۔ گویا ایجابی معاشیات کا تعلق کسی معیشت کے نظام کار کی ایک معروضی اور سائنٹیفک تشریح ہے۔

(25) معاشیات کی اقسام لکھیں۔ (BWP-14) (DGK-14, 16) (SGD-16)

ج: معاشیات کی تین اقسام ہیں۔

1۔ بیانی معاشیات 2۔ نظریاتی معاشیات 3۔ اطلاقی معاشیات

(26) جزوی معاشیات کی تعریف کیجیے۔ (LHR-15-I, 16-II) (AJK-17) (DGK-17) (FSD-17) (SWL-18) (GRW-19) (MTN-19)

ج: جزوی معاشیات سے مراد ہے معیشت کے چھوٹے چھوٹے حصوں کا جائزہ لینا مثلاً ایک فرد کی آمدنی اور اخراجات کا جائزہ لینا۔

(27) کلی معاشیات سے کیا مراد ہے؟ (LHR-16-I) (SGD-14) (GRW-15) (DGK-15) (AJK-14, 16) (MTN-18) (RWP-19)

ج: کلی (Macro) کے معنی بڑے کے ہیں۔ جب معاشی تجزیہ کے لئے معیشت کا بحیثیت مجموعی جائزہ لیا جائے تو اسے کلی معاشیات کہا جاتا ہے۔ اس میں قومی آمدنی، قومی بچت، مجموعی صرف دولت، مجموعی سرمایہ کاری، مجموعی طلب، قیمتوں کی عام سطح وغیرہ کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

## سیکشن III

## انشائیہ سوالات (LONG QUESTION)

(1) ایڈم سمتھ کی پیش کردہ معاشیات کی تعریف بیان کیجیے اور اس کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔ (LHR-18-II) (GRW-14) (BWP-17) (SWL-17) (DGK-16, 19) (AJK-18)

(2) مارشل کی تعریف کی خوبیاں اور خامیاں بیان کیجیے۔ (LHR-14-II) (DGK-15)

(3) رابنز کی معاشیات کی تعریف لکھیے اور اس کی خوبیاں اور خامیاں بیان کیجیے۔ (LHR-15-I) (AJK-14) (SGD-14) (FSD-15) (MTN-17, 18) (BWP-18) (GRW-16, 18, 19)

(4) پروفیسر مارشل اور پروفیسر رابنز کی معاشیات کی تعریفوں کا موازنہ کیجیے۔ (LHR-15-II, 19) (RWP-15)

(5) رابنز کی بیان کردہ معاشیات کی تعریف کی روشنی میں معاشی مسئلہ کی وضاحت کریں۔ (FSD-16)

(6) معاشیات علم ہے یا فن، وضاحت کیجیے۔ (LHR-17-II) (GRW-15) (MTN-19)

(7) معاشیات کی اقسام تفصیلاً بیان کریں۔ (AJK-17)

(8) جزوی اور کلی معاشیات کا موازنہ کیجیے۔ (SWL-16)

انشائیہ سوالات کے بہترین جوابات کے لیے عظیم گروپ کی کتاب اصولِ معاشیات برائے منظور طاہر چوہدری کا مطالعہ کیجیے۔

# باب نمبر ............................ 2

# صارف کا نظریہ کا طلب (قانون تقلیل افادہ مختتم)

## سیکشن I

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)

(1) انسانی خواہش کی تسکین کیلئے کسی شے میں پائی جانے والی خوبی ہے: (DGK-16) (BWP-16) (AJK-17, 18) (SGD-18)

(a) قدر (b) افادہ (c) فائدہ مندی (d) دولت

(2) نقطہ سیری حاصل کرنے کے بعد کل افادہ شروع کر دیتا ہے: (LHR-14-II)

(a) بڑھنا (b) گرنا
(c) برابر (d) ان میں سے کوئی نہیں

(3) کس ماہر معاشیات نے افادہ کو قابل پیمائش قرار دیا: (LHR-14-I, 15-II) (SGD-14) (GRW-19)

(a) مارشل نے (b) آدم سمتھ (c) رابنز نے (d) کینز نے

(4) افادہ کا کارڈینل نظریہ پیش کیا: (FSD-16)

(a) واکر نے (b) مارشل نے (c) کینز میں (d) رابنز نے

(5) شے کی پہلی اکائی سے حاصل ہونے والا افادہ کہلاتا ہے: (SWL-17) (BWP-16, 18)

(a) ابتدائی افادہ (b) مختتم افادہ (c) مثبت افادہ (d) منفی افادہ

(6) مختتم افادہ کے خط کا جھکاؤ ہوتا ہے: (DGK-15) (RWP-16) (GRW-17) (MTN-17)

(a) افقی (b) عمودی (c) منفی (d) مثبت

(7) جب مختتم افادہ گرتا ہے تو کل افادہ بڑھتا ہے: (DGK-17)

(a) زیادہ شرح سے (b) کم شرح سے
(c) صفر شرح سے (d) ان میں سے کوئی نہیں

AZEEM E-BOOKS

(8) جب مختتم افادہ مثبت ہوتا ہے تو کل افادہ: (LHR-15-I)

(a) بڑھ رہا ہوتا ہے (b) کم ہو رہا ہوتا ہے

(c) صفر ہوتا ہے (d) تبدیل نہیں ہوتا

(9) جب کل افادہ گرتا ہے تو مختتم افادہ ہو جاتا ہے: (LHR-16-I, 17-II) (SGD-15) (MTN-15) (GRW-18)

(a) منفی (b) مثبت (c) زیادہ سے زیادہ (d) صفر

(10) جب مختتم افادہ صفر ہو تو کل افادہ ہوتا ہے: (LHR-16-II, 19) (MTN-14) (FSD-15) (BWP-15) (AJK-14, 16) (DGK-19) (GRW-14,16) (RWP-15, 17) (SWL-18) (SGD-17, 19)

(a) منفی (b) مثبت (c) زیادہ سے زیادہ (d) صفر

(11) شے کے لگاتار استعمال سے مختتم افادہ: (LHR-17-I)

(a) مثبت ہوتا ہے (b) بڑھتا ہے (c) گرتا ہے (d) صفر ہوتا ہے

(12) مختتم افادہ کی علامت ہے: (LHR-18-II) (AJK-18) (SWL-19)

(a) MA (b) MR (c) MC (d) MU

(13) کل افادہ میں تبدیلی کی شرح ہے: (RWP-18) (MTN-19) (FSD-19)

(a) مختتم افادہ (b) منفی افادہ (c) اوسط افادہ (d) ابتدائی افادہ

(14) نقطہ سیری پر مختتم افادہ ۔۔۔۔۔۔ ہو جاتا ہے: (GRW-15)

(a) صفر (b) مثبت (c) منفی (d) ابتدائی

(15) جب مختتم افادہ منفی ہو تو کل افادہ: (AJK-15) (SWL-16) (MTN-16) (BWP-17)

(a) کم ہو جاتا ہے (b) بڑھ جاتا ہے

(c) تبدیل نہیں ہوتا (d) منفی ہو جاتا ہے

(16) کل افادہ زیادہ سے زیادہ ہوتا ہے تو مختتم افادہ ہوتا ہے: (AJK-14) (FSD-18)

(a) مثبت (b) منفی

(c) صفر (d) زیادہ سے زیادہ

(17) صرفِ دولت کا پہلا قانون ہے: (FSD-17)

(a) قانون طلب (b) قانون رسد

(c) قانون تقلیل افادہ مختتم (d) قانون مساوی افادہ مختتم

(18) صرفِ دولت کا پہلا قانون پیش کرنے والا ماہر معاشیات: (DGK-14) (BWP-14) (MTN-15) (AJK-15)

(a) مارشل (b) آدم سمتھ (c) رابنز (d) پیگو

(19) کسی شے کے مسلسل اور لگاتار استعمال سے مختتم افادہ میں کمی آتی جاتی ہے بشرطیکہ دیگر امور بدستور رہیں اس قانون کو کہتے ہیں: (SGD-16)

(a) قانونِ مساوی افادہ مختتم (b) قانونِ تقلیل افادہ مختتم

(c) قانون طلب (d) قانون تقلیلِ حاصل

(20) وہ اشیاء جو قیمت ادا کیے بغیر حاصل ہوں کہلاتی ہیں: (GRW-14)

(a) معاشی اشیاء (b) غیر معاشی اشیاء

(c) گھٹیا اشیاء (d) اعلیٰ اشیاء

(21) مفت حاصل ہونے والی اشیاء کہلاتی ہیں: (RWP-19)

(a) معاشی اشیاء (b) غیر معاشی اشیاء

(c) گھٹیا اشیاء (d) بڑھیا اشیاء

(22) مندرجہ ذیل سے کون سی شے معاشی حاجت نہیں: (LHR-18-I)

(a) کپڑا (b) گھڑی (c) ہوا (d) کار

## جوابات:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (1) | b | (2) | b | (3) | a | (4) | b | (5) | a |
| (6) | c | (7) | b | (8) | a | (9) | a | (10) | c |
| (11) | c | (12) | d | (13) | a | (14) | a | (15) | a |
| (16) | c | (17) | c | (18) | a | (19) | b | (20) | b |
| (21) | b | (22) | c | | | | | | |

# سیکشن II

## مختصر سوالات (SHORT QUESTIONS)

(1) انسانی حاجات سے کیا مراد ہے؟ (FSD-18)

ج: یہ ایسی ضروریات ہیں جنہیں پورا کرنے کے لیے انسان کو جدوجہد کرنا پڑتی ہے اور ان کے حصول کے لیے قیمت ادا کرنا پڑتی ہے مثلاً کپڑا، آٹا، چینی وغیرہ۔

(2) رویہ صارف سے کیا مراد ہے؟ (LHR-14-I, 15-II) (GRW-17) (SGD-17)

ج: صارف کے توازن حاصل کرنے (زیادہ سے زیادہ افادہ حاصل کرنے) کی کوشش کو رویہ صارف کا نام دیا جاتا ہے۔

(3) افادہ کی تعریف کیجیے۔ (LHR-14-I, 16-I,II) (FSD-15) (SWL-15, 16) (AJK-14, 15, 18) (SGD-19)

ج: کسی شے میں انسانی خواہش کو پورا کرنے کی خوبی، وصف یا قوت کو افادہ کہتے ہیں مثلاً پانی میں پیاس بجھانے کی خوبی، روٹی میں بھوک مٹانے کی خوبی، بلب روشنی دیتا ہے، پین لکھنے کے کام آتا ہے وغیرہ۔

(4) صفر افادہ سے کیا مراد ہے؟ (LHR-14-II) (AJK-14) (MTN-14, 15, 16) (SGD-17)

ج: جب کسی شے کو صرف کرنے کی خواہش مکمل طور پر پوری ہو جائے اور شے کی مزید اکائی صرف کرنے کی خواہش باقی نہ رہے تو افادہ صفر ہو جاتا ہے۔

(5) افادہ اور تسکین میں کیا فرق ہے۔ (LHR-15-I)

ج: تسکین کا مطلب ہے خواہش کا پورا ہونا جبکہ افادہ کسی شے کی وہ خوبی ہے جو

AZEEM E-BOOKS

انسانی خواہش کو پورا کرے۔

**(6) کل افادہ سے کیا مراد ہے؟** (LHR-15-I, 18-II) (FSD-15) (GRW-19)

ج: کسی شے کی تمام اکائیاں استعمال کرنے سے جو افادہ حاصل ہوتا ہے تو اسے کل افادہ کہتے ہیں۔

**(7) مختتم افادہ سے کیا مراد ہے؟** (LHR-15-II, 17-I) (MTN-16) (DGK-15, 17) (RWP-14, 15, 17) (BWP-15, 17, 18) (AJK-14, 18)

ج: ایک زائد شے کے استعمال سے کل افادہ میں تبدیلی کی شرح کو افادہ مختتم کہا جاتا ہے۔

$$\text{افادہ مختتم} = \frac{\text{کل افادہ میں تبدیلی}}{\text{شے میں تبدیلی}}$$

**(8) مثبت افادہ سے کیا مراد ہے؟** (GRW-16) (FSD-17) (SGD-18) (AJK-16, 17) (RWP-19)

ج: جب تک کسی شے کے کل افادہ میں اضافہ ہوتا رہے اور مختتم افادہ صفر تک نہ پہنچا ہو تو اس شے کا افادہ مثبت ہوتا ہے۔

**(9) افادہ اور فائدہ مندی میں کیا فرق ہے؟** (LHR-19) (BWP-14, 15) (SWL-18) (SGD-19)

ج: کسی شے میں انسانی خواہش کو پورا کرنے کی خوبی کو افادہ کہتے ہیں مثلاً پانی میں پیاس بجھانے کی خوبی جب کہ افادہ سے مراد فائدہ مندی نہیں ہے کیونکہ بہت سی اشیاء ہیں جو فائدہ مند نہیں ہیں مثلاً شراب، افیون، سگریٹ وغیرہ یہ انسانی صحت کے لئے مضر ہیں لیکن ان میں افادہ موجود ہے کیونکہ یہ انسانی خواہش کو پورا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔

**(10) ابتدائی افادہ سے کیا مراد ہے؟** (FSD-14) (AJK-14) (DGK-19) (GRW-16) (SGD-14, 15, 16) (SWL-18) (MTN-18)

ج: کسی شے کی پہلی اکائی کے استعمال سے حاصل ہونے والے افادہ کو ابتدائی افادہ کہا جاتا ہے مثلاً ایک شخص تین گلاس پانی پیتا ہے۔ اس کو پہلا گلاس پانی پینے سے حاصل ہونے والا افادہ ابتدائی افادہ ہوگا۔

**(11) نقطہ سیری کی تعریف کیجیے۔** (LHR-16,17-II, 18-I) (GRW-14) (MTN-14, 15) (AJK-17) (SGD-18) (BWP-16, 18) (RWP-19) (SWL-19) (FSD-19)

ج: کسی شے کے استعمال کے دوران شے کی جس اکائی پر صارف کی خواہش مکمل طور پر تسکین پا جائے یعنی شے کا مختتم افادہ صفر ہو جائے اسے نقطہ سیری کہتے ہیں۔

**(12) منفی افادہ کی تعریف کیجیے۔** (FSD-14) (SWL-17)

ج: جب کسی شے کا افادہ صفر ہو جائے اور اس کے بعد اس شے کی مزید اکائی صرف کی جائے تو افادہ منفی میں بدل جاتا ہے۔ منفی افادہ کی صورت میں کل افادہ کم ہو جاتا ہے۔

**(13) افادہ کے کوئی سے دو عوامل لکھیں۔** (BWP-15) (FSD-16)

ج: (1) خواہش کی شدت پر انحصار (2) وقت یا موسم پر انحصار
(3) شے کی شکل پر انحصار (4) شے کے مقام میں تبدیلی

**(14) کل افادہ اور مختتم افادہ کا باہمی تعلق بیان کیجیے۔** (FSD-16) (DGK-16)

ج: (1) جب تک مختتم افادہ مثبت ہوتا ہے کل افادہ بڑھتا جاتا ہے۔
(2) جب مختتم افادہ صفر ہوتا ہے تو کل افادہ اپنے عروج پر ہوتا ہے۔
(3) جب مختتم افادہ منفی ہو تو کل افادہ کم ہو جاتا ہے۔

**(15) قانون تقلیل افادہ مختتم کی تعریف کیجیے۔** (LHR-16-I) (GRW-15) (RWP-15) (SWL-16) (SGD-16) (FSD-17) (MTN-17)

ج: کسی شخص کے پاس ایک شے کی مقدار میں اضافہ ہوتے جانے سے اس کو جو مزید افادہ حاصل ہوتا ہے وہ شے کی ہر زائد اکائی کے ساتھ گھٹتا جاتا ہے جبکہ باقی امور جوں کے توں رہیں۔

**(16) قانون تقلیل افادہ مختتم کے چار مفروضات لکھیے۔** (LHR-18-I) (DGK-15) (SGD-17)

ج: (1) شے کی اکائی مناسب مقدار کی ہو
(2) شے کا استعمال مسلسل اور لگاتار ہو
(3) شے کی تمام اکائیاں ہر لحاظ سے یکساں ہوں
(4) دوران استعمال صارف کی ذہنی کیفیت نہ بدلے۔

**(17) قانون تقلیل افادہ مختتم کی دو حدود تحریر کیجیے۔** (LHR-14-II) (SGD-15) (DGK-16) (BWP-17)

ج: (1) علم (2) مال و دولت (3) تاریخی نوادرات
(4) نمود و نمائش کی اشیاء

**(18) معاشی حاجات سے کیا مراد ہے؟** (LHR-17-I) (MTN-16) (AJK-17, 18) (GRW-18) (FSD-18)

ج: یہ ایسی حاجات ہیں جنہیں اشیاء، خدمات کے استعمال یا پر تعیش سرگرمیوں سے پورا کیا جاتا ہے۔

**(19) اشیائے صرف سے کیا مراد ہے؟** (LHR-17-II) (GRW-18) (RWP-18)

ج: ایسی اشیا جو صارفین اپنے ذاتی استعمال کے لیے خریدتے ہوں، اشیائے صرف کہلاتی ہیں۔

**(20) اشیاء سرمایہ کی تعریف کیجیے۔** (LHR-19) (AJK-15, 16) (SWL-17) (MTN-14, 18) (RWP-18) (FSD-19)

ج: ایسی اشیاء جن سے براہ راست اشیاء خدمات بنائی جائیں اِن کو اشیاء سرمایہ کہتے ہیں مثلاً پلانٹ مشینری وغیرہ۔

AZEEM E-BOOKS

# سیکشن III

## انشائیہ سوالات (LONG QUESTION)

(1) قانون تقلیل افادہ مختتم کی وضاحت گوشوارہ اور ڈائیگرام سے کیجیے۔
(LHR-18-I) (MTN-14, 15) (SWL-15) (SGD-15, 16) (GRW-16, 17) (BWP-14, 16, 17) (FSD-19) (AJK-15, 18) (RWP-17, 18) (GRW-19)

> انشائیہ سوالات کے بہترین جوابات کے لیے عظیم گروپ کی کتاب اصول معاشیات برائے منظور طاہر چوہدری کا مطالعہ کیجیے۔

# باب نمبر ........................ 3

## طلب ورسد

# سیکشن I

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)

(1) کسی شے کی وہ خاص مقدار جسے کوئی صارف ایک مقررہ قیمت پر خریدنا چاہے اسے کہتے ہیں: (LHR-14-I)
(a) رسد　(b) طلب
(c) دونوں A اور B　(d) ان میں سے کوئی نہیں

(2) خط طلب کا جھکاؤ ہوتا ہے: (LHR-17, 18-I, II, 19) (BWP-15) (GRW-17) (AJK-15, 16, 17)(DGK-17)(SWL-18) (MTN-19)
(a) منفی　(b) مثبت　(c) صفر　(d) لامحدود

(3) خط طلب کا رجحان ہوتا ہے: (RWP-18)
(a) بائیں سے دائیں نیچے　(b) بائیں سے دائیں اوپر
(c) دائیں سے بائیں اوپر　(d) دائیں سے بائیں نیچے

(4) کسی شے کی طلب کے لیے ضروری ہے: (SGD-18)
(a) خواہش اور قوت خرید　(b) ارادہ اور خواہش
(c) خواہش اور قیمت　(d) ارادہ اور قیمت

(5) قیمت اور مقدار طلب کے درمیان پائے جانے والے رشتے کو کہا جاتا ہے: (SGD-17) (BWP-18)
(a) طلب کا گوشوارہ　(b) خط طلب
(c) قانون طلب　(d) قانون طلب کے مفروضات

(6) تفاعل طلب کی رو سے طلب کا دارومدار ہوتا ہے: (FSD-14)
(a) ارادے پر　(b) قیمت پر　(c) موسم پر　(d) رسد پر

(7) صارف کی قوت خرید میں اضافہ ہوتا ہے اشیاء کی: (FSD-14)
(a) طلب بڑھنے سے　(b) قیمتیں گرنے سے
(c) قیمتیں بڑھنے سے　(d) رسد کے بڑھنے سے

(8) کسی شے کی قیمت کے گرنے سے اس کی طلب میں اضافہ کو کہا جاتا ہے: (LHR-15-II) (MTN-14)
(a) طلب کا پھیلنا　(b) طلب کا سکڑنا
(c) طلب کا بڑھنا　(d) طلب کا گرنا

(9) قیمت اور طلب کے درمیان تعلق ہے: (LHR-16-II) (AJK-16) (SGD-19)
(a) راست　(b) معکوس　(c) متوازن　(d) کمپاونڈ

(10) کسی چیز کی قیمت بڑھنے سے طلب ہو جاتی ہے: (BWP-17)
(a) کم　(b) زیادہ　(c) متوازن　(d) ضائع

(11) طلب بڑھنے اور گرنے کی وجہ ہے: (MTN-16) (AJK-18)
(a) قیمت　(b) دیگر عوامل　(c) رسد　(d) طلب

(12) طلب کی لچک کا فارمولا پیش کیا: (GRW-16)
(a) ایڈم سمتھ　(b) مارشل　(c) رابنز　(d) پیگو

(13) طلب کی لچک کا تصور پیش کیا: (RWP-19)
(a) مارشل　(b) آدم سمتھ　(c) رابنز　(d) کینز

(14) اگر قیمت میں تبدیلی کی نسبت طلب میں کم شرح سے تبدیلی ہو تو طلب کی لچک ہوگی: (MTN-14)
(a) اکائی سے زیادہ　(b) اکائی سے کم
(c) اکائی کے برابر　(d) صفر

(15) اگر شے کی طلب، اس کے قائم البدل کی قیمت تبدیل ہونے سے، تبدیل ہو جائے تو اسے کہا جاتا ہے: (FSD-16) (RWP-17)
(a) متقاطع لچک　(b) قیمت لچک　(c) آمدنی لچک　(d) قوسی لچک

(16) اگر y شے کی قیمت تبدیل ہونے پر x شے کی طلب تبدیل ہو جائے تو اسے کہا جاتا ہے: (GRW-15)
(a) متقاطع لچک　(b) قیمت لچک　(c) آمدنی لچک　(d) قوسی لچک

(17) گفن (گھٹیا) اشیاء کے خط طلب کا جھکاؤ ہوتا ہے: (LHR-14, 15-II) (SGD-14, 16) (SWL-17) (FSD-18)
(a) منفی　(b) مثبت　(c) صفر　(d) افقی

(18) ضروریات زندگی کی اشیاء کی طلب ہوتی ہے: (FSD-17) (GRW-19) (LHR-14-I) (BWP-14) (AJK-14) (RWP-16) (DGK-16)
(a) کم لچکدار　(b) زیادہ لچکدار　(c) مکمل لچکدار　(d) غیر لچکدار

AZEEM BOOKS

(19) اشیاءِ تعیش کی طلب کی لچک ہوتی ہے: (DGK-19)
(LHR-16-I) (GRW-14) (SWL-16) (MTN-17, 18, 19)
(a) صفر (b) لامحدود
(c) اکائی سے کم (d) اکائی سے زیادہ

(20) پائیدار اشیاء کی طلب ۔۔۔۔۔ ہوتی ہے: (GRW-18)
(a) اکائی سے زیادہ (b) اکائی سے کم
(c) اکائی کے برابر (d) صفر کے برابر

(21) جلد ضائع ہونے والی اشیاء کہلاتی ہیں: (BWP-18) (GRW-19)
(a) عام اشیاء (b) گھٹیا اشیاء
(c) گفن اشیاء (d) ضیاع پذیر اشیاء

(22) ایسی اشیاء جن پر قانون طلب لاگو نہیں ہوتا کہلاتی ہیں: (SWL-15)
(RWP-15) (AJK-17)
(a) گفن اشیاء (b) نارمل اشیاء (c) گھٹیا اشیاء (d) اعلیٰ اشیاء

(23) شے کی وہ مقدار جو کسی ایک وقت میں کسی مخصوص قیمت پر بیچنے کیلئے منڈی میں پیش کی جائے کہلاتی ہے: (DGK-16) (MTN-18)
(a) ذخیرہ (b) طلب (c) رسد (d) مقدارِ طلب

(24) گودام میں موجود شے کی مقدار کہلاتی ہے: (LHR-17-I, 18-II)
(GRW-17) (SGD-18)
(a) رسد (b) ذخیرہ (c) طلب (d) افادہ

(25) کسی چیز کی قیمت بڑھنے سے رسد ہوتی ہے: (SWL-18)
(a) کم (b) زیادہ (c) متوازن (d) ضائع

(26) خطِ رسد کا جھکاؤ ہے: (LHR-16-I) (FSD-17, 19) (GRW-18)
(SGD-15, 19) (SWL-19)
(a) منفی (b) مثبت (c) زیادہ سے زیادہ (d) صفر

(27) قانون رسد تفاعل ہے: (LHR-19) (BWP-16, 17) (SWL-17)
(a) مقعر (b) معکوس (c) تقلیلی (d) تکثیری

(28) اشیاء کی رسد کا دارومدار ہوتا ہے: (SGD-17) (FSD-18)
(AJK-18) (RWP-19) (MTN-19)
(a) قیمت پر (b) آمدنی پر
(c) قیمت اور آمدنی پر (d) افادہ پر

(29) رسد کا خط ہوتا ہے: (SWL-16) (MTN-16)
(a) مثبت (b) منفی (c) عمودی (d) افقی

(30) کونسا قیمت کا تکثیری تفاعل ہے: (MTN-14) (FSD-15) (AJK-18)
(a) طلب (b) رسد (c) افادہ (d) صرف

(31) وقت کے لحاظ سے رسد کی ۔۔۔۔۔ اقسام ہیں: (GRW-15)
(a) 2 (b) 3 (c) 4 (d) 5

(32) پائیدار اشیاء کی رسد ہوتی ہے: (LHR-15-II) (BWP-14)
(a) لچکدار (b) مکمل لچکدار
(c) مکمل غیر لچکدار (d) کم لچکدار

(33) بازاری عرصہ میں رسد ہوتی ہے: (AJK-18)
(a) متغیر (b) معینہ (c) صفر (d) مثبت

(34) طویل عرصہ میں خطِ رسد ہوتا ہے: (LHR-17-II) (AJK-18)
(a) کم لچکدار (b) زیادہ لچکدار (c) غیر لچکدار (d) لامحدود لچکدار

(35) قیمت میں تبدیلی سے مقدارِ رسد میں ردعملیت کو کہتے ہیں: (LHR-18-I)
(a) طلب کی لچک (b) رسد کی لچک
(c) آمدنی لچک (d) متقاطع لچک

(36) رسد کی لچک کی پیمائش کے لیے اکائی کا طریقہ پیش کیا: (MTN-14)
(a) فرگوسن نے (b) مارشل نے
(c) رابنز نے (d) آدم سمتھ نے

(37) اگر رسد کی مقدار میں تبدیلی 10% ہو اور قیمت میں تبدیلی 20% ہو تو رسد کی لچک ہے: (LHR-15-I)
(a) 20فیصد (b) 10فیصد (c) 0.5فیصد (d) صفر

(38) اگر قیمت میں کمی بیشی سے مقدارِ رسد تبدیل نہ ہو تو اسے ۔۔۔۔۔ رسد کہتے ہیں: (GRW-19)
(a) معین (b) متغیر
(c) عرصہ قلیل کی (d) عرصہ طویل کی

(39) ضیاع پذیر اشیاء کا خطِ رسد ہوتا ہے: (RWP-19) (LHR-19)
(a) اُفقی (b) عمودی (c) بیضوی (d) ترچھا

(40) ضیاع پذیر اشیاء کی رسد ہوتی ہے: (LHR-17-II) (GRW-14, 16)
(BWP-15, 16) (MTN-14,16) (AJK-16, 17)
(DGK-15,17, 19) (RWP-18) (SWL-17, 18, 19) (SGD-19)
(a) لامحدود (b) صفر (c) متغیر (d) معین

(41) اگر رسد کی لچک صفر ہو تو خطِ رسد کا رجحان ہوگا: (FSD-14)
(a) دائیں جانب اوپر کو (b) دائیں جانب نیچے کو
(c) افقی (d) عمودی

(42) ایسی قیمت جس پر طلب و رسد برابر ہوں، کہلاتی ہے: (DGK-16, 17)
(LHR-16-I,II ,18-II) (MTN-14) (FSD-15,17) (SGD-18)
(a) توازنی مقدار (b) توازنی قیمت
(c) محفوظ قیمت (d) توازنِ ادائیگی

(43) منڈی کا توازن وہاں ہوتا ہے جہاں طلب اور رسد کی قوتیں ہوتی ہیں: (LHR-18-I) (SGD-16)
(a) برابر (b) مخالف (c) مثبت (d) منفی

AZEEM E-BOOKS

(44) منڈی کے توازن میں قیمت کے تعین کا انحصار ہوتا ہے:
(LHR-17-I) (AJK-15, 16) (SWL-16)
(GRW-17) (SGD-17) (MTN-16, 18, 19)

(a) طلب پر (b) رسد پر
(c) طلب و رسد پر (d) معینہ رسد پر

(45) اگر طلب اور رسد میں برابر اضافہ ہو تو توازنی قیمت: (LHR-14-II)
(RWP-14) (MTN-15) (AJK-14, 17) (FSD-19)

(a) بڑھ جائے گی (b) گر جائے گی
(c) تبدیل نہیں ہوگی (d) ان میں سے کوئی نہیں

(46) اگر رسد وہی رہے تو طلب میں اضافہ سے توازنی قیمت: (LHR-15-I)

(a) بڑھتی ہے (b) کم ہو جاتی ہے
(c) تبدیل نہیں ہوتی (d) صفر ہو جاتی ہے

(47) مکمل مقابلہ کے تحت قیمت کا تعین ہوتا ہے:
(LHR-14-I) (GRW-15) (RWP-18) (FSD-18)

(a) فروختکاروں کی طرف سے (b) خریداروں کی طرف سے
(c) حکومت کی طرف سے (d) طلب و رسد کی قوتوں سے

(48) منڈی کا توازن ہوتا ہے: (SWL-15) (GRW-16) (AJK-15, 16)

(a) $qd - qs = 0$ (b) $qd = 0$
(c) $qs > qd$ (d) $qs < qd$

(49) ضیاع پذیر اشیاء کی قیمت کس چیز سے متاثر ہوتی: (DGK-15, 19)

(a) طلب (b) رسد (c) حکومت (d) آمدنی

(50) ضیاع پذیر اشیاء۔۔۔۔۔۔۔میں فروخت کی جاتی ہیں: (GRW-18)

(a) مقامی منڈی (b) ملکی منڈی
(c) بین الاقوامی منڈی (d) خاص منڈی

(51) معین رسد پر طلب کم ہو جائے تو قیمت ہو جاتی ہے: (BWP-17)

(a) کم (b) زیادہ (c) برابر (d) صفر

(52) ایسی جگہ جہاں پر کسی شے کی با آسانی خرید و فروخت ایک مقررہ قیمت پر کی جا سکے: (FSD-14)

(a) دوکان (b) گودام (c) مکمل منڈی (d) نامکمل منڈی

(53) قیمت محفوظ کون مقرر کرتا ہے: (BWP-14) (RWP-16)

(a) خریدار (b) بیچنے والا
(c) حکومت (d) ضلعی انتظامیہ

(54) معین رسد پر طلب زیادہ ہو جائے تو قیمت ہو جاتی ہے: (MTN-17)

(a) صفر (b) برابر (c) زیادہ (d) کم

## جوابات:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| c | (5) | a | (4) | a | (3) | a | (2) | b | (1) |
| a | (10) | b | (9) | a | (8) | b | (7) | b | (6) |
| a | (15) | b | (14) | a | (13) | b | (12) | b | (11) |
| a | (20) | d | (19) | a | (18) | b | (17) | a | (16) |
| b | (25) | b | (24) | c | (23) | a | (22) | d | (21) |
| b | (30) | a | (29) | a | (28) | d | (27) | b | (26) |
| b | (35) | b | (34) | b | (33) | a | (32) | b | (31) |
| d | (40) | b | (39) | a | (38) | c | (37) | b | (36) |
| c | (45) | c | (44) | a | (43) | b | (42) | d | (41) |
| a | (50) | a | (49) | a | (48) | d | (47) | a | (46) |
| | | c | (54) | b | (53) | c | (52) | a | (51) |

# سیکشن II

## مختصر سوالات (SHORT QUESTIONS)

**(1) طلب سے کیا مراد ہے؟** (LHR-14, 15, 16-I) (AJK-14)
(BWP-17) (FSD-15, 18) (SWL-18) (GRW-19) (SGD-19)

ج: طلب سے مراد کسی شے کے لئے ایسی خواہش ہے جسے پورا کرنے کے لئے صارف کے پاس قوت خرید بھی موجود ہو، لہٰذا طلب کی دو شرائط ہیں۔
(1) خریدنے کی خواہش (2) قوت خرید

**(2) خط طلب کا جھکاؤ منفی کیوں ہوتا ہے؟** (LHR-14,17-I) (GRW-16)
(AJK-17)

ج: خط طلب کے منفی جھکاؤ کی تین وجوہات ہیں۔

**(1) خریداروں کی تعداد میں اضافہ:**
جب کسی شے کی قیمت کم ہوتی ہے تو ایسے لوگ بھی اس شے کو خریدنا شروع کر دیتے ہیں جو پہلے اس شے کے مہنگا ہونے کی وجہ سے خریدنے کے قابل نہ ہوں یعنی خریداروں کی تعداد بڑھنے سے طلب بڑھ جاتی ہے۔

**(2) اثر آمدنی:**
کسی شے کی قیمت میں کمی سے خریداروں کی حقیقی آمدنی یا قوت خرید بڑھ جاتی ہے اور وہ پہلے جتنی ہی رقم خرچ کر کے اسی شے کی زیادہ مقدار خرید سکتے ہیں۔ لہٰذا طلب بڑھ جاتی ہے۔

**(3) استبدالی اثر:**
جب کسی شے کی قیمت کم ہوتی ہے تو یہ شے اپنی نعم البدل اشیاء کے مقابلہ میں سستی ہو جاتی ہے۔ لہٰذا کچھ لوگ جو پہلے اس کو خرید نہیں رہے ہوتے اس کے نسبتاً سستا ہو جانے کی وجہ سے اسے خریدنا شروع کر دیتے ہیں لہٰذا اس کی طلب بڑھ جاتی ہے۔

AZEEM E-BOOKS

**(3) خط طلب کا جھکاؤ کیا ہوتا ہے؟** (LHR-16-I)

ج: خط طلب بائیں سے دائیں نیچے کی طرف جانے کا رجحان رکھتا ہے یعنی خط طلب منفی جھکاؤ رکھتا ہے۔

**(4) تفاعل طلب سے کیا مراد ہے؟** (LHR-18-I)

ج: قیمت اور طلب کے تعلق کو تفاعل طلب کہتے ہیں۔

$$qd = f(p)$$

**(5) منڈی کی طلب سے کیا مراد ہے؟** (FSD-14) (MTN-14) (DGK-16)

ج: مختلف قیمتوں پر منڈی میں موجود تمام خریداروں کی طلب کے مجموعہ کو منڈی کی طلب کہتے ہیں۔

**(6) طلب کے پھیلاؤ اور سکڑاؤ سے کیا مراد ہے؟** (MTN-14, 17) (BWP-15, 17) (RWP-15, 17) (FSD-16, 17)

ج: قانون طلب کی رو سے جب کسی شے کی قیمت کم ہو جاتی ہے تو اس کی طلب بڑھ جاتی ہے اسے طلب کا پھیلنا کہتے ہیں اور جب قیمت بڑھتی ہے تو اس کی طلب کم ہو جاتی ہے اسے طلب کا سکڑنا کہتے ہیں۔

**(7) طلب کے پھیلنے سے کیا مراد ہے؟** (AJK-16, 17) (MTN-18)

ج: قانون طلب کی رو سے جب کسی شے کی قیمت کم ہو جاتی ہے تو اس کی طلب بڑھ جاتی ہے اسے طلب کا پھیلنا کہتے ہیں۔

**(8) طلب کے سکڑنے سے کیا مراد ہے؟** (LHR-17-II) (SWL-18)

ج: قانون رسد کی رو سے جب کسی شے کی قیمت بڑھتی ہے تو اس کی رسد بڑھ جاتی ہے، اسے رسد کا پھیلنا کہتے ہیں اور جب قیمت کم ہوتی ہے تو اس کی رسد کم ہو جاتی ہے، اسے رسد کا سکڑنا کہتے ہیں۔

**(9) قانون طلب کی تعریف بیان کیجیے۔** (LHR-16, 18-II) (RWP-14) (AJK-15) (DGK-16) (MTN-16) (GRW-18)

ج: دیگر امور بدستور رہتے ہوئے جب کسی شے کی قیمت کم ہوتی ہے تو اس کی طلب بڑھ جاتی ہے اور قیمت بڑھنے پر اس کی طلب کم ہو جاتی ہے۔

**(10) قانون طلب کے دو مفروضات لکھیے۔** (BWP-14, 16) (FSD-14, 18) (AJK-18) (RWP-15, 19) (MTN-19)

ج: (1) شے کی تمام اکائیاں یکساں نوعیت کی ہوں

(2) صارفین کی پسند نہ بدلے

(3) صارفین کی آمدنی نہ بدلے

(4) متبادل اشیاء کی قیمتیں نہ بدلیں

**(11) طلب کی لچک کی تعریف بیان کیجیے۔** (LHR-15-I) (RWP-14) (MTN-15) (DGK-15) (FSD-16) (AJK-16) (GRW-17) (SGD-17)

ج: مقدارِ طلب میں تبدیلی کی وہ شرح جو قیمت کی وجہ سے آتی ہے طلب کی لچک کہلاتی ہے۔

**(12) طلب کی لچک کے دو عوامل تحریر کیجیے۔** (LHR-14-II) (FSD-19)

ج: (1) شے کی نوعیت (2) نعم البدل اشیاء

**(13) زیادہ لچکدار اور کم لچکدار طلب میں فرق بیان کیجیے۔** (SWL-16) (DGK-16)

ج: اگر قیمت میں معمولی تبدیلی آنے پر طلب میں بہت زیادہ تبدیلی واقع ہو تو اسے زیادہ لچکدار طلب کہتے ہیں لیکن اگر قیمت میں بہت زیادہ تبدیلی آنے پر طلب میں معمولی تبدیلی واقع ہو تو اسے کم لچکدار طلب کہتے ہیں۔

**(14) طلب کی صفر لچک سے کیا مراد ہے؟** (GRW-15) (MTN-19) (DGK-19)

ج: اگر طلب قیمت میں تبدیلی کا اثر قطعاً قبول نہ کرے یعنی خواہ قیمت بڑھ جائے خواہ کم ہو جائے۔ طلب تبدیل نہ ہو تو طلب مکمل طور پر غیر لچکدار ہوتی ہے اور طلب کی لچک صفر ہوتی ہے طلب کی صفر لچک کا خط عمودی ہوتا ہے۔

**(15) طلب میں تبدیلی سے کیا مراد ہے؟** (GRW-16)

ج: طلب میں تبدیلی دو وجوہات کی بنا پر ہوتی ہے۔

1۔ قیمت 2۔ دیگر وجوہات

**(16) طلب کی لچک کی پیمائش کے طریقوں کے نام لکھیے۔** (SGD-16) (AJK-18)

ج: (1) فیصدی طریقہ (Percentage Method)

(2) کل خرچ کا طریقہ (Total Outlay Method)

(3) ریاضیاتی فارمولوں کے ذریعہ (ByMathematicalFormulas)

**(17) طلب کی نقطی لچک کی تعریف کیجیے۔** (LHR-14,16-II, 18-I) (BWP-15) (SGD-14, 15) (AJK-15, 16, 17) (FSD-17) (SWL-17) (GRW-18)

ج: اگر قیمت میں انتہائی معمولی تبدیلی ہو اور اس کی وجہ سے طلب میں بھی انتہائی معمولی تبدیلی واقع ہو تو طلب کی اس قسم کی تبدیلی کو طلب کی نقطی لچک کہتے ہیں۔

**(18) طلب کی نقطی لچک کا فارمولا لکھیے۔** (FSD-18) (DGK-19)

ج:
$$Ed = \frac{\Delta q}{\Delta P} \times \frac{P}{q}$$

**(19) قوسی لچک سے کیا مراد ہے؟ فارمولا لکھیے۔** (LHR-17-II) (RWP-16) (BWP-16) (MTN-17) (AJK-14, 17, 18)

ج: اگر قیمت میں نمایاں تبدیلی ہو اور اس کی وجہ سے طلب میں بھی نمایاں تبدیلی واقع ہو تو طلب کی اس قسم کی تبدیلی کو طلب کی قوسی لچک کہتے ہیں۔

$$Ed = \frac{q^0 - q^1}{q^0 + q^1} \times \frac{p^0 - p^1}{p^0 + p^1}$$

**(20) آمدنی لچک کی تعریف کیجیے۔** (LHR-15,18-II) (MTN-15) (RWP-18) (BWP-18) (GRW-15, 19)

ج: آمدنی میں تبدیلی کی وجہ سے مقدار طلب میں ردعملیت کا درجہ طلب کی آمدنی لچک کہلاتا ہے۔

$$\text{آمدنی لچک} = \frac{\text{طلب میں فیصد تبدیلی}}{\text{آمدنی میں فیصد تبدیلی}}$$

**(21) متقاطع لچک کی تعریف کیجیے۔** (LHR-15-II) (SGD-16) (SWL-16) (DGK-17) (RWP-17) (MTN-18)

ج: ایک شے کی قیمت میں تبدیلی سے دوسری شے کی تبدیلی کے درجہ کو متقاطع لچک کہا جاتا ہے۔

$$\text{متقاطع لچک} = \frac{\text{الف شے کی طلب میں فیصد تبدیلی}}{\text{ب شے کی قیمت میں فیصد تبدیلی}}$$

**(22) نعم البدل اشیاء سے کیا مراد ہے؟** (LHR-17-I) (BWP-16) (RWP-16, 19) (SGD-19)

ج: ایسی اشیاء جو ایک دوسری کی جگہ پر استعمال کی جاسکتی ہوں نعم البدل اشیاء کہلاتی ہیں، مثلاً بکرے کا گوشت اور مرغ کا گوشت، چائے اور قہوہ ایک دوسرے کے نعم البدل ہیں۔

**(23) مرکب طلب سے کیا مراد ہے؟** (LHR-14-II, 19) (BWP-14) (GRW-17)

ج: بعض اشیاء مختلف مقاصد کے لئے استعمال کی جاتی ہیں۔ ان اشیاء کی ان کے تمام مقاصد کے لئے طلب مرکب طلب کہلاتی ہے مثلاً بجلی روشنی کرنے کے لئے، مختلف قسم کی مشینوں کو چلانے کے لئے اور دیگر کئی مقاصد کے لئے استعمال کی جاسکتی ہے۔ ان تمام مقاصد کے لئے بجلی کی طلب مرکب طلب ہوگی۔

**(24) گفن اشیاء سے کیا مراد ہے؟** (MTN-14) (GRW-14) (SGD-18)

ج: ایسی اشیاء جن کی قیمت بڑھنے پر طلب بڑھ جاتی ہے اور قیمت کم ہونے پر طلب کم ہو جاتی ہیں گفن اشیاء کہلاتی ہیں۔ دوسرے لفظوں میں ایسی اشیاء گفن اشیاء ہوتی ہیں جن پر قانون طلب کا اطلاق نہیں ہوتا۔

**(25) مشترک طلب سے کیا مراد ہے؟** (SGD-18) (AJK-18)

ج: ایسی حاجات جن کو پورا کرنے کے لئے ایک سے زائد اشیاء کی ضرورت ہو مثلاً بلا اور گیند، ریکٹ اور شٹل کاک، کار اور پیٹرول وغیرہ انہیں اکٹھا طلب کیا جاتا ہے۔ ایسی اشیاء کی طلب کو مشترک طلب کہتے ہیں۔ مشترک طلب والی اشیاء کو تکمیلی اشیاء کہا جاتا ہے۔

**(26) تکمیلی اشیاء سے کیا مراد ہے؟** (AJK-16)

ج: ایسی اشیاء جو کسی انسانی خواہش کو پورا کرنے کے لئے اکٹھی طلب کی جاتی ہیں انہیں تکمیلی اشیاء کہا جاتا ہے، مثلاً بلا اور گیند، کار اور پٹرول، قلم اور سیاہی وغیرہ۔

**(27) طلب کے گرنا سے کیا مراد ہے؟** (BWP-18)

ج: اگر قیمت میں تبدیلی کے بغیر کسی اور وجہ سے شے کی طلب میں کمی ہو جائے تو اسے طلب کا گرنا کہتے ہیں۔

**(28) رسد سے کیا مراد ہے؟** (LHR-17-I) (GRW-15) (BWP-15) (RWP-15) (MTN-17) (AJK-16, 18) (FSD-17, 18) (SGD-19)

ج: رسد سے مراد کسی شے کی وہ مقدار ہے جو کسی ایک وقت کسی مخصوص قیمت پر بیچنے کے لئے منڈی میں پیش کی جائے، مثلاً اگر منڈی میں آٹے کی قیمت -/10 روپے فی کلوگرام ہو اور اس قیمت پر 1000 کلوگرام آٹا فروخت کے لئے پیش کیا جائے تو ہم کہیں گے کہ آٹے کی رسد 1000 کلوگرام ہے۔

**(29) سٹاک (ذخیرہ) سے کیا مراد ہے؟** (LHR-16-I, 18-II) (FSD-14) (AJK-15) (RWP-18)

ج: کسی ایک وقت میں کسی شے کی وہ کل مقدار جو منڈی میں فروخت کاروں کے پاس موجود ہوتی ہے، اسے ذخیرہ کہتے ہیں۔

**(30) عرصہ قلیل کی رسد سے کیا مراد ہے؟** (LHR-19) (AJK-17) (GRW-19)

ج: قلیل عرصہ سے مراد اتنا عرصہ ہوتا ہے جس میں کسی شے کو بنانے کے لئے نئے کارخانے تو نہیں لگ سکتے۔ البتہ اگر پرانے کارخانوں میں پیداواری گنجائش ہو تو پیداوار بڑھائی جاسکتی ہے، ڈبل شفٹ چلائی جاسکتی ہے، گوداموں سے مال نکال کر رسد میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ لہٰذا قلیل عرصہ میں کسی شے کی رسد لچکدار ہوتی ہے لیکن کم لچکدار ہوتی ہے۔

**(31) بازاری رسد سے کیا مراد ہے؟** (AJK-18)

ج: بازاری عرصہ عموماً ایک دن یا اس سے کچھ کم و بیش وقت پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس عرصہ کے دوران کسی شے کی رسد میں اضافہ یا کمی کرنا ممکن نہیں ہوتا۔ گوشت، دودھ، پھل اور سبزیوں وغیرہ کی رسد بازاری عرصہ کی رسد ہوتی ہے کیونکہ ان اشیاء کی رسد میں فوری طور پر کمی بیشی ممکن نہیں ہوتی۔ لہٰذا بازاری عرصہ میں کسی شے کی رسد غیر لچکدار ہوتی ہے۔

**(32) رسد اور ذخیرہ میں فرق بیان کیجیے۔** (LHR-14,17-I) (GRW-15) (DGK-15, 16) (AJK-14, 16, 17) (RWP-17) (MTN-19) (SWL-15, 16, 18) (BWP-18) (FSD-19)

ج: کسی ایک وقت میں کسی شے کی وہ کل مقدار جو منڈی میں فروخت کاروں کے پاس موجود ہوتی ہے، اسے ذخیرہ کہتے ہیں۔

جبکہ رسد سے مراد ذخیرہ کا وہ حصہ ہوتا ہے جسے فروخت کار ایک مخصوص قیمت پر فروخت کرنے کے لئے پیش کرتے ہیں مثلاً اگر کسی وقت منڈی میں فروخت کاروں کے پاس چینی کی کل 500 ٹن مقدار موجود ہو تو اسے ذخیرہ کہیں گے۔ اب اگر 10 روپے فی کلوگرام قیمت پر وہ اس کل مقدار میں سے 300 ٹن چینی فروخت کرنے کے لئے پیش کر دیں تو یہ رسد کہلائے گی۔

**(33) خط رسد کا رجحان کیا ہوتا ہے؟** (LHR-14-I) (FSD-15)

ج: خط رسد بائیں سے دائیں اوپر کی طرف حرکت کرتا ہے یعنی اس کا جھکاؤ مثبت ہوتا ہے۔

AZEEM E-BOOKS

**(34) قانون رسد بیان کیجیے۔** (LHR-15-I) (FSD-16) (RWP-16)
(BWP-14,17) (DGK-17, 19) (MTN-18) (GRW-19)

ج: اگر باقی حالات جوں کے توں رہیں اور کسی شے کی قیمت بڑھ جائے تو اس کی رسد بڑھ جاتی ہے اور اس کی قیمت کم ہونے پر رسد کم ہو جاتی ہے۔

**(35) قانون رسد کے چار مفروضات تحریر کیجیے۔** (SGD-14) (SWL-15)
(DGK-15) (FSD-16, 17) (MTN-17) (AJK-18)

ج: اگر قیمت میں تبدیلی کی نسبت رسد میں کم شرح سے تبدیلی واقع ہو تو رسد کی لچک اکائی سے کم کہلاتی ہے۔

**(36) رسد کی لچک کی تعریف کیجیے۔** (FSD-14) (SGD-14)
(GRW-14, 16) (BWP-16) (DGK-17, 19) (AJK-14, 15, 17)
(SWL-17, 19) (RWP-18)

ج: ”رسد کی لچک سے مراد کسی شے کی رسد میں تبدیلی کی وہ شرح لی جاتی ہے جو شے کی قیمت میں کمی بیشی کی وجہ سے وجود میں آتی ہے“۔

**(37) رسد کی صفر لچک سے کیا مراد ہے؟** (LHR-16-II) (RWP-14)
(SGD-18)

ج: اگر کسی شے کی قیمت میں تبدیلی آنے پر اس کی رسد تبدیل نہ ہو تو رسد کی لچک صفر کہلاتی ہے، ایسی صورت میں خط رسد oy خط کے متوازی ہوتا ہے۔

**(38) رسد کی لامحدود لچک سے کیا مراد ہے؟** (LHR-17-II) (DGK-15)
(AJK-15)

ج: اگر کسی شے کی قیمت میں انتہائی معمولی کمی ہونے سے اس کی رسد صفر اور قیمت میں انتہائی معمولی اضافہ رسد میں لامحدود اضافہ کا باعث بنے تو رسد کی لچک لامحدود کہلاتی ہے، ایسی صورت میں خط رسد ox خط کے متوازی ہوتا ہے۔

**(39) مشترک رسد سے کیا مراد ہے؟** (LHR-15-II) (SGD-14)
(MTN-15, 19) (BWP-15) (AJK-16) (SWL-17) (RWP-19)

ج: ایسی اشیاء جو اکٹھی پیدا ہوتی ہیں ان کی رسد مشترک رسد کہلاتی ہے مثلاً گندم اور بھوسہ وغیرہ۔

**(40) کم لچکدار رسد سے کیا مراد ہے؟** (SWL-16)

ج: بعض اشیاء کی قیمتوں میں بہت بڑی تبدیلی آنے پر بھی ان کی رسد میں معمولی سی تبدیلی واقع ہوتی ہے۔ ایسی اشیاء کم لچکدار رسد والی اشیاء کہلاتی ہیں۔

**(41) رسد کی لچک کی پیمائش کا فارمولا لکھیے۔** (GRW-16) (SGD-16)

ج: $$Es = \frac{Vq}{Vp} \times \frac{p}{q}$$

**(42) رسد کی لچک کے پیمائش کے طریقے لکھیے۔** (RWP-19) (SGD-19)

ج: رسد کی لچک کی پیمائش کے تین طریقے ہیں۔

(1) فیصدی طریقہ (2) اکائی کا طریقہ

(3) ریاضیاتی فارمولہ کے ذریعے

**(43) رسد کی لچک اکائی سے کم سے کیا مراد ہے؟**
(LHR-15-II) (MTN-15) (FSD-15) (SWL-19)

ج: اگر رسد میں تبدیلی کی شرح قیمت میں تبدیلی کی شرح سے کم پائی جائے تو اسے رسد کی لچک اکائی سے کم کہا جاتا ہے۔

**(44) وقت کے لحاظ سے رسد کی اقسام لکھیے۔** (LHR-14-II, 18-I)
(BWP-14) (SGD-15) (RWP-16) (SWL-17)

ج: (i) بازاری رسد (ii) عرصہ قلیل کی رسد (iii) عرصہ طویل کی رسد

**(45) مرکب رسد سے کیا مراد ہے؟** (LHR-18-I) (RWP-17)
(AJK-17) (SWL-18) (SGD-16, 18)

ج: اگر کوئی شے مختلف ذرائع سے حاصل ہوتی ہو تو اس کی رسد ان تمام ذرائع سے حاصل ہونے والی مقدار کا مجموعہ ہوتی ہے جسے مرکب رسد کہتے ہیں مثلاً دودھ بھینس، گائے اور بکری وغیرہ سے حاصل ہوتا ہے۔

**(46) متقابل رسد سے کیا مراد ہے؟** (MTN-14) (DGK-16)
(GRW-14, 17)

ج: بعض اشیاء ایسی ہوتی ہیں جن کی رسد آپس میں مقابلہ کرتی ہے یعنی اگر کسی ایک استعمال میں شے کی رسد بڑھا دی جائے تو دوسرے استعمال کے لئے رسد کم ہو جاتی ہے مثلاً اگر لکڑی کی رسد فرنیچر بنانے کے لئے بڑھا دی جائے تو جلانے کے لئے اس کی رسد کم ہو جائے گی۔

**(47) منڈی سے کیا مراد ہے؟** (LHR-16,17-I)

ج: ایسی جگہ جہاں اشیاء وخدمات کی خرید وفروخت کی جاتی ہو۔

**(48) منڈی کے چار لوازمات (شرائط) لکھیے۔** (LHR-17-II) (AJK-18)
(RWP-19)

ج: قیمت، جگہ، اشیاء، پروموشن

**(49) منڈی کے توازن سے کیا مراد ہے؟** (LHR-14-II) (RWP-17)
(GRW-15, 16, 18) (SWL-18) (SGD-15, 16, 19)

ج: منڈی کے توازن سے مراد منڈی میں طلب و رسد کی مقداروں کا برابر ہونا ہے۔ کسی شے کی مختلف قیمتوں پر اس کی رسد اور طلب مخالف سمتوں میں حرکت کرتی ہیں اور آخر کار ایک ایسی قیمت آ جاتی ہے جس پر طلب و رسد دونوں برابر ہو جاتی ہیں۔ یہی قیمت منڈی میں مقرر ہو جاتی ہے اسے منڈی کا توازن یا طلب و رسد کا توازن کہتے ہیں۔

**(50) توازنی قیمت سے کیا مراد ہے؟** (LHR-18-II) (FSD-15,16,17)
(DGK-17, 19) (MTN-17) (RWP-18) (BWP-18) (SWL-19)

ج: جس قیمت پر شے کی طلب و رسد دونوں برابر ہو جائیں اس قیمت کو متوازن قیمت کہا جاتا ہے۔

**(51) قیمت محفوظ سے کیا مراد ہے؟** (LHR-15-II, 19) (BWP-14, 15)
(AJK-14, 15, 16)

ج: وہ کم سے کم قیمت جس سے کم قیمت پر فروخت کار اشیاء کو بیچنے سے انکار کر دیتا ہے قیمت محفوظ کہلاتی ہے۔

AZEEM BOOKS

**(52) معیاری قیمت سے کیا مراد ہے؟** (LHR-14-I) (SWL-16) (RWP-16) (DGK-16) (GRW-19)

ج: کسی شے کی معیاری قیمت سے مراد وہ قیمت ہوتی ہے جو ایسے حالات میں طلب و رسد کے توازن سے رائج ہو، جب آجروں کے پاس اتنا وقت ہو کہ وہ شے کی طلب میں کمی وبیشی کی صورت میں اس شے کی رسد میں کمی وبیشی کر سکیں یعنی رسد معین نہ ہو بلکہ حالات کے مطابق اس میں کمی وبیشی ممکن ہو۔

**(53) بازاری قیمت کی تعریف کیجیے۔** (LHR-16-II, 18-I) (RWP-14) (SWL-15) (AJK-17) (MTN-18)

ج: بازاری عرصہ ایک دن یا اس سے کچھ کم وبیش مدت پر مشتمل ہوتا ہے، لہٰذا کسی ایک دن طلب و رسد کے توازن سے جو قیمت مقرر ہوتی ہے، اسے بازاری قیمت کہتے ہیں۔

**(54) پائیدار اشیاء سے کیا مراد ہے؟** (MTN-15) (DGK-15) (BWP-16) (GRW-17) (SGD-18)

ج: ایسی اشیاء جو جلد گل سڑ جانے وال یا خراب ہو جانے والی نہ ہوں پائیدار اشیاء کہلاتی ہیں مثلاً پین، پنسل، کاغذ، کپڑا، کرسی، میز وغیرہ

**(55) ضیاع پذیر اور پائیدار اشیاء میں فرق بیان کریں۔** (AJK-16, 17)

ج:

| ضیاع پذیر اشیاء | پائیدار اشیاء |
|---|---|
| جلد گل سڑ جانے والی اشیاء یا جن اشیاء کا ذخیرہ نہ کیا جا سکتا ہو مثلاً دودھ، پھل، گوشت وغیرہ ضیاع پذیر اشیاء ہیں۔ | ایسی اشیاء جو جلد گل سڑ جانے والی یا جلد خراب ہو جانے والی نہ ہوں پائیدار اشیاء کہلاتی ہیں مثلاً میز، کرسی، ریڈیو، پنکھا وغیرہ۔ |

**(56) قلیل مدت قیمت سے کیا مراد ہے؟** (LHR-15-I) (DGK-14)

ج: وہ قیمت جو قلیل عرصہ میں رائج ہو جب طلب بڑھنے سے پہلے سے موجود سرمائے کی مدد سے ہی کام کے اوقات بڑھا کر پیداوار بڑھاتے ہیں۔ اس عرصہ کی قیمت قلیل مدت کی قیمت ہے۔

## سیکشن III

## انشائیہ سوالات (LONG QUESTION)

(1) قانون طلب بیان کیجیے۔ گوشوارہ اور ڈائیگرام کی مدد سے واضح کیجیے۔ نیز اس قانون کے مفروضات و مستثنیات بھی بیان کیجیے۔
(LHR-15, 17-I) (SGD-14, 16) (SWL-16) (AJK-16, 18) (FSD-18) (GRW-19)

(2) طلب کے پھیلاؤ اور سکڑاؤ کی وضاحت بذریعہ گوشوارہ اور ڈائیگرام کیجیے۔
(LHR-19)

(3) طلب کے گرنے اور بڑھنے کی گوشوارے اور ڈائیگرام سے وضاحت کیجیے۔
(FSD-14) (AJK-15) (DGK-16) (RWP-17)

(4) طلب کی لچک کے عوامل تحریر کیجیے۔ (LHR-18-I) (SGD-18)

(5) طلب کی لچک کے مختلف پہلو بیان کیجیے۔ (AJK-16) (FSD-17)

(6) طلب کی لچک کا مفہوم بیان کیجیے۔ طلب کی لچک کی پیمائش کے طریقوں کی وضاحت کیجیے۔ (MTN-14, 15)

(7) طلب کی نقطی اور قوس لچک کے تصورات کی وضاحت کریں
(LHR-14-I) (FSD-15) (SWL-15) (BWP-16) (MTN-17) (AJK-17)

(8) طلب کی نقطی لچک کی گرافی اور ریاضیاتی وضاحت پیش کریں۔
(AJK-17)

(9) طلب کی لچک کی عملی اہمیت بیان کیجیے۔ (BWP-14)

(10) طلب کی لچک کی پیمائش کا کل خرچ کا طریقہ بیان کیجیے۔ (LHR-15-II)
(AJK-14) (MTN-16) (GRW-16) (SWL-17) (RWP-19)

(11) قانون رسد کی گوشوارہ اور ڈائیگرام کی مدد سے وضاحت کیجیے۔
(LHR-18-II) (RWP-14) (SGD-15) (AJK-16, 18) (GRW-17, 18) (MTN-19)

(12) رسد کے پھیلنے اور سکڑنے کی وضاحت بذریعہ ڈائیگرام کیجیے۔
(LHR-16-I) (RWP-15, 16, 18)

(13) رسد کے بڑھنے اور گرنے کی وضاحت بذریعہ گوشوارہ اور ڈائیگرام کیجیے۔
(AJK-14) (BWP-15) (SGD-17)

(14) رسد میں تبدیلی کی مختلف وجوہات تحریر کیجیے۔ (GRW-15)

(15) رسد کی لچک کا مفہوم بیان کیجیے۔ رسد کی لچک کی پیمائش کے طریقوں کی وضاحت کیجیے۔ (LHR-14-II) (FSD-16, 19)

(16) منڈی کے توازن کی وضاحت بذریعہ گوشوارہ اور ڈائیگرام کیجیے۔
(LHR-17-II) (GRW-14) (DGK-15, 17) (SWL-18) (BWP-18) (MTN-18)

(17) ضیاع پذیر اشیاء کی بازاری قیمت کا تعین کیسے ہوتا ہے گوشوارہ اور ڈائیگرام کی مدد سے وضاحت کیجیے۔ (FSD-15)

(18) پائیدار اشیاء کی بازاری قیمت کے تعین کی وضاحت اس کے گوشوارہ اور ڈائیگرام سے کریں۔ (SGD-18) (MTN-18, 19) (RWP-19) (SWL-19)

(19) رسد کی لچک کو متاثر کرنے والے عوامل تحریر کیجیے۔ (FSD-17)

**انشائیہ سوالات کے بہترین جوابات کے لیے عظیم گروپ کی کتاب اصول معاشیات برائے منظور طاہر چوہدری کا مطالعہ کیجیے۔**

AZEEM BOOKS

# باب نمبر ........................................ 4

## عاملین پیدائش

## سیکشن I

### کثیرالانتخابی سوالات (MCQs)

(1) عاملین پیدائش ہیں: (LHR-17-I, 18-II, 19) (DGK-15) (GRW-17) (AJK-14, 16, 17) (SWL-15, 18) (FSD-18) (SGD-16, 19)

(a) ایک (b) دو (c) تین (d) چار

(2) بنیادی عامل پیدائش ہے: (LHR-16-II) (MTN-16) (SGD-17) (AJK-16, 18) (RWP-16, 19)

(a) زمین (b) محنت (c) سرمایہ (d) تنظیم

(3) درج ذیل میں سے ایک کو زمین نہیں کہا جاتا: (LHR-14-I) (AJK-14) (SGD-14)

(a) دریا (b) پہاڑ (c) جنگلات (d) سٹیڈیم

(4) قدرت کا مفت عطیہ ہے: (LHR-18-I) (RWP-17) (MTN-14)

(a) زمین (b) محنت (c) سرمایہ (d) ناظم

(5) زمین کی رسد ہوتی ہے: (RWP-18) (SGD-18) (MTN-17) (GRW-19) (SWL-19)

(a) مختتم (b) لامحدود (c) متغیر (d) معینہ

(6) قدرتی ذرائع میں شامل نہیں ہے: (BWP-18)

(a) معدنیات (b) آب وہوا (c) زر (d) جنگلات

(7) زمین کا معاوضہ کہلاتا ہے: (MTN-18)

(a) قیمت (b) لگان (c) سود (d) منافع

(8) محنت کا معاوضہ کہلاتا ہے: (LHR-17, 18-II) (SWL-16) (RWP-19)

(a) اجرت (b) لگان (c) سود (d) منافع

(9) کس عامل پیدائش کو ذخیرہ نہیں کیا جاسکتا؟ (BWP-14) (DGK-14, 16) (RWP-18) (AJK-18)

(a) محنت (b) تنظیم (c) سرمایہ (d) زمین

(10) اگر کوئی ناظم یا آجر خدمت سرانجام دے اسے معاشیات میں کہا جاتا ہے: (FSD-16)

(a) تنظیم (b) نظم وضبط (c) محنت (d) اجرت

(11) معاشیات میں ہر ذہنی یا جسمانی کاوش جس کے بدلے معاوضہ ملے کہلاتی ہے: (GRW-15)

(a) زمین (b) محنت (c) سرمایہ (d) تنظیم

(12) حسب ذیل میں سے کس عامل پیدائش کی رسد معین ہوتی ہے: (AJK-17) (DGK-17) (SWL-18)

(a) زمین (b) محنت (c) سرمایہ (d) تنظیم

(13) کون سی چیز سرمایہ نہیں: (DGK-17)

(a) رہائشی مکان (b) کارخانہ

(c) بنک میں جمع شدہ رقم (d) ٹرک

(14) وہ عامل جو انسانی کوششوں کا نتیجہ ہے: (LHR-15-II) (FSD-15)

(a) زمین (b) محنت (c) سرمایہ (d) تنظیم

(15) شرح اجرت میں اضافہ سے محنت کی رسد ہوگی: (LHR-16-I)

(a) کم (b) محدود (c) لامحدود (d) اضافہ

(16) تمام عاملین پیدائش کو کرائے پر حاصل کیا جاسکتا ہے ماسوائے: (LHR-14-II)

(a) زمین (b) محنت (c) سرمایہ (d) تنظیم

(17) سرمایہ کا معاوضہ کہلاتا ہے: (RWP-14) (SGD-18) (MTN-19)

(a) قیمت (b) لگان (c) سود (d) منافع

**جوابات:**

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
